بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
مئی 2026

1۔ قرآن کریم

سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃِ" کی آیات 14-16 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیت نمبر 14 کی تفسیر میں حضرت مصلح موعودؓ نے لفظ ''سریر'' کے کیا معنی بیان فرمائے ہیں؟
- آیت نمبر 15 میں ''آب خورے'' سے کیا مراد ہے نیز اس آیت کی تفسیر کے مطابق اللہ تعالیٰ کس طرح مسلمانوں کو اپنے انعامات سے نوازے گا؟
- آیت نمبر 16 میں نَمَارِقُ یعنی چھوٹے چھوٹے تکیوں کا ذکر کیا گیا ہے، اس آیت کی تفسیر کو پڑھیں اور غور کریں کہ اس سے کیا مراد ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 76–79
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 134-139:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=138

2۔ قرآن کریم کے احکامات

- سورۃ ال عمران کی آیت 160 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَاِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ

پس جب تُو (کوئی) فیصلہ کرلے تو پھر اللہ ہی پر توکل کر

اس آیت میں اللہ تعالیٰ پر کامل توکل کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ توکل کا یہ مطلب نہیں کہ انسان کوشش یا عملی اقدامات کو نظر انداز کرے۔ بلکہ اس کا تقاضا یہ ہے کہ ایک مومن اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ تمام ذرائع اور وسائل کو بروئے کار لائے اور پھر نتیجہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دے۔ قرآنِ کریم کا یہ حکم ہمیں توجہ دلاتا ہے کہ ہمیں ہر مشکل اور آزمائش کا سامنا کرتے ہوئے صرف اللہ تعالیٰ ہی پر مکمل بھروسہ اور اعتماد رکھنا چاہیے۔

- اللہ تعالیٰ پر کامل توکل ہمیں مشکلات پر قابو پانے میں کس طرح مدد دیتا ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 43

3۔ خطبہ جمعہ (جنرل میٹنگ)

اس ماہ ہم یومِ خلافت کے حوالے سے خلافت کی بے شمار برکات پر غور کریں گے۔

پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 30 مئی 2025 میں خلافت کی تاریخ اور اس کے بابرکت نظام کے ذریعہ قائم ہونے والی وحدت کے متعلق بیان کیا، نیز بیان فرمایا:

''پس اگر ہم نے خلافت کے فیض سے حقیقی فیض پانا ہے اور حقیقی طور پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بننا ہے تو پھر ہمیں ہر قسم کے شرک سے، اپنی اناؤں سے اور تکبر سے اپنے آپ کو نجات دلانی ہوگی''

- پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 30 مئی 2025 کو غور سے سنیں اور خلافت کی برکات پر غور کریں۔ مزید جائزہ لیں کہ ہم خلافت سے اپنا تعلق کس طرح مضبوط کر سکتے ہیں؟

خطبہ جمعہ مورخہ 30/05/2025: https://www.alislam.org/friday-sermon/2025-05-30.html

4۔ نماز ایمانداروں کی روحانی صلاحیت مضبوط کرنے کا ذریعہ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی تحریر میں نماز اور ہماری روحانی ترقی کے تعلق کو نہایت خوبصورتی سے بیان فرمایا ہے۔ آپؑ فرماتے ہیں ''انسان کے لئے محبت سے بھری ہوئی یادِ الٰہی جس کا شرعی اصطلاح میں نماز نام ہے غذا کے قائم مقام ہو جاتی ہے بلکہ وہ بار بار جسمانی روح کو بھی اس غذا پر فدا کرنا چاہتا ہے''۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نماز کے متعلق اس اقتباس کو پڑھیں اور درج ذیل نکات پر غور کریں

- ہم نماز کے ذریعہ خدا تعالیٰ سے اپنا تعلق کس طرح مضبوط بنا سکتے ہیں؟
- نیز ہم اس تعلق کو کس طرح بڑھا سکتے ہیں تا کہ ہمارے جسم کا ہر عضو اللہ تعالیٰ کی محبت سے سرشار ہو جائے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 93-94

5۔ کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟

تصنیف حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب (صفحہ 648-651) کا مطالعہ کریں اور درج ذیل نکات پر غور کریں۔

- ’’ہر ایک سفیدی کو بنظر تعریف نہ دیکھو کیونکہ بعض سپید سے بعض سیاہ ہی اچھے ہیں‘‘ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس تحریر سے کیا مراد ہے؟
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ’’دلوں کی تسکین‘‘ حاصل کرنے کے متعلق کیا بیان فرمایا ہے؟
- حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ’’دلوں کو نرم کرنا‘‘ کیوں ضروری بیان کیا ہے؟

ذرائع کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟

Audio Book Urdu



click to read



click to read